شہد سے میٹھا نام
محمد ﷺ
تصنیفِ لطیف
شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا
علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہ
ناشر
ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاولپور

۷۸۶
۹۲

کتاب ہذا میں تاجدارِ کل کائنات امام الانبیاء والرسل حضور سید عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک محمد کے فضائل وکمالات ومعجزات وبرکات بہترین عجائبات اور اعلیٰ نکات و لطائف کا بیان ہے

شہد سے میٹھا نامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف لطیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہ

ناشر

اِدارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاول پور

تقسیم کار

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاولپور (پاکستان)

نام کتاب	شہد سے میٹھا نام محمد
مصنف	حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی
تصحیح	چودھری مشتاق محمد خاں صاحب
ناشر	ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاول پور
بہ اہتمام	حافظ رحیم بخش اویسی ناظم مکتبہ اویسیہ
طابع	
ضخامت	صفحات
طباعت	آفسٹ
سائز	۱۸ × ۲۳ / ۸
بار دوم	۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۵ء
قیمت	۳۰/ روپے

اِنِّیۡۤ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝

اس مسئلہ کو نہ سمجھا تو صوفیہ کرام کے اقوال کو کفر و شرک کہدیا مثلاً حضرت خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔

غیب الغیب دے دیسوں آیا۔
شہر شہادت دیرہ لایا۔
وحدت دا تھیا اظہار ۔ احدوں ویس وٹا تھی احمد۔

یعنے محبوب کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم غیب الغیب کے ملک سے آئے اور شہادت کے ملک میں بسیرہ فرمایا۔ یہ وحدت کا کثرت میں اظہار ہے جو احد احمد میں ظاہر ہوا۔

حضرت مولانا محمد یار رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

بجاتے تھے جو انی عبدہ کی بانسری ہردم
خدا کے عرش پر انی انا اللہ بن نکلیں گے۔

انسان بشکلِ محمد: دقائق الاخبار میں ہے کہ خلق الخلق علی صورۃ اسم محمد علیہ السلام فالرّاس مدوّر کالمیم الاولی والیدان کالحاء والبطن کالمیم الثانیہ والرجلان کالدال۔ یعنے انسان کا سر مدور میم کی طرح اور ہاتھ حاء کی طرح اور شکم مجوف بہ شکل میم ثانی اور پاؤں بصورت دال ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ بعض روایات میں ہے کہ کافر کو بصورت انسان دوزخ میں داخل نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ صورت انسانیہ کو تبدیل کرکے۔

سوال: کافر کی صورت کیسے تبدیل کی جائے گی۔ اس کی حقیقت سمجھ میں نہیں